© rasailojaraid.com

تحقیق سے شغف رکھنے والوں میں مزید مطالعے کی تشویق بھی پیدا کرتی ہے۔اس عمدہ کاوش پر ہم ڈاکٹر عطش درانی کو مبارک باد پیش کرتے ہیں۔

۵۔ کتاب کا نام : ''نقد و جستجو''

مصنف :ڈاکٹر شہاب الدین ثاقب
ناشر : مسلم ایجوکیشنل پریس،علی گڑھ
ضخامت :۲۱۶
اشاعت :۲۰۱۱ء
مبصر :وجیہہ الحسن صدیقی، پی ایچ۔ڈی اسکالر،شعبہء اُردو سندھ یونیورسٹی جام شورو۔

ڈاکٹر شہاب الدین ثاقب شعبہء اُردو،علی گڑھ مسلم یونیورسٹی میں پروفیسر ہیں۔آپ کی کئی تصانیف منظر عام پر آ چکی ہیں جن میں بابائے اُردو مولوی عبدالحق:حیات اور علمی خدمات (ایم فل کا مقالہ)،انجمن ترقی اردو (ہند) کی علمی خدمات (پی ایچ۔ڈی کا مقالہ)،انتخاب رشید احمد صدیقی (ترتیب مع مقدمہ)،حرف امتحان (شاعری)،شہر میرے خواب کا (شاعری) شامل ہیں۔

زیرِ تبصرہ کتاب میں آپ کے ۱۸ مضامین شامل ہیں مختلف سیمیناروں اور کانفرنسوں کے لیے لکھے گئے تھے۔ان میں سے چند مضامین مختلف رسائل اور مضامین کے مجموعوں میں بھی شائع ہو چکے ہیں۔ڈاکٹر صاحب نے ایسے مضامین کی نشان دہی کر دی ہے۔

مذکورہ کتاب میں کچھ مضامین اپنی اصل حالت میں جب کہ کچھ ترمیم و اضافے کے ساتھ پیش کیے گئے ہیں۔یہ تحقیقی،تنقیدی اور تاثراتی مضامین ہیں جن کی ترتیب اس طرح ہے:۔

۱۔ اُردو خاکہ نگاری کے ارتقا میں علی گڑھ کا حصہ
۲۔ شعری متون کی تدوین پر ایک نظر (کلیات میر کے خصوصی حوالے سے)
۳۔ غالب کی دو اہم تقریظیں
۴۔ مختار الدین احمد آرزو کی تحقیقی خدمات (اردو زبان و ادب کے حوالے سے)
۵۔ گزشتہ دہائی کی اُردو تحقیق اور فورٹ ولیم کالج
۶۔ شبلی نعمانی اور انجمن ترقی اُردو



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

۷۔ آل احمد سرور اور انجمن ترقی اُردو
۸۔ سیّد کی کانفرنس
۹۔ سر سیّد: خدمات اور تاثرات
۱۰۔ عہد حاضر میں سر سیّد کے افکار کی معنویت
۱۱۔ ''آبلہ پا''__ ایک مطالعہ
۱۲۔ نظیر اکبر آبادی کی غزل
۱۳۔ سیّد حامد کی شاعری
۱۴۔ حالؔی کی شاعری میں قومیت کا تصور
۱۵۔ ہم ادب کیوں پڑھتے ہیں؟
۱۶۔ بنگال سے مسلمانوں کے علمی، ادبی، لسانی اور تہذیبی رشتے
۱۷۔ مشفق خواجہ کی یاد میں چند باتیں
۱۸۔ چند باتیں: شان الحق حقّی کی یاد میں

اس کتاب میں شامل تمام ہی مضامین، موضوع اور مواد کے اعتبار سے اہمیت کے حامل ہیں لیکن افسوس کہ یہ کتاب پاکستان میں آسانی سے دستیاب نہیں اس لیے پاکستانی قارئین اس سے محروم رہیں گے۔



© rasailojaraid.com